www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



تعزیتی خطوط، تاریں — مولانا عبدالجبار سلفی

# مولانا عبدالقادر روپڑیؒ کی وفات پر سعودی شخصیات کے مراسلے

سُلطان المناظرین مولانا حافظ عبدالقادر روپڑی کی وفات پر اگرچہ پورے عالم اسلام سے ٹیلی فون، تاروں اور خطوط کے ذریعے روپڑی خاندان کی علمی شخصیت حافظ عبدالرحمٰن مدنی اور مرحوم کے صاحبزادے جناب عارف سلمان روپڑی کے نام تعزیت کا اظہار کیا گیا اور یہ سلسلہ ملاقاتوں کی صورت تاحال جاری ہے۔ تاہم چونکہ اس خاندان کا سعودی عرب کے حکمران خاندان، اس کے برگزیدہ علماء اور اَساطین سے خصوصی تعلق ہے۔ اسی وجہ سے سعودی عرب اور پاکستان میں سعودی سفیر سے لے کر تمام سفارتی شخصیات اور مشنوں کے ذمہ داران نے فرداً فرداً لاہور پہنچ کر اظہار افسوس کیا یا تعزیتی خطابات لکھے۔ چند نمائندہ عربی تحریریں مع ترجمہ ہدیۂ قارئین ہیں۔ (عبدالجبار سلفی)

## (۱) شاہ فہد اور ولی عہد امیر عبداللہ کا برقیہ (تار)

الرقم: ان/ب/ ٦/١٤٨٧٥ — التاريخ: ١٤٢٠/٩/١٧هـ

المكرّم عارف سلمان روبرى

رئيس لجنة الشئون السياسية في جماعة أهل الحديث جمهورية باكستان الإسلامية

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

فقد علمنا ببالغ الأسف عن وفاة الشيخ حافظ عبد القادر روبرى رئيس جماعة أهل الحديث في جمهورية باكستان الإسلامية الشقيقة، و نبعث لكم ولأسرة الفقيد تعازينا ومواساتنا البالغة سائلين المولى القدير أن يتغمّده برحمته وواسع مغفرته ويسكنه فسيح جناته ويجزل له الأجر والثواب على ما بذله فى حياته من خدمات جليلة للعلم وأهله . وإنا لله وإنا إليه راجعون ،،،

خادم الحرمين الشريفين — عبد الله بن عبد العزيز آل سعود

فهد بن عبد العزيز آل سعود — وليّ العهد/ نائب رئيس مجلس الوزراء

ملك المملكة العربية السعودية — رئيس الحرس الوطني

© rasailojaraid.com



محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



محترم جناب عارف سلمان روپڑی صاحب چیئرمین پولیٹکل افیئرز، جماعت اہلحدیث، پاکستان

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہمیں انتہائی افسوسناک خبر ملی ہے کہ برادر ملک اسلامی جمہوریہ پاکستان کی جماعت اہلحدیث کے سربراہ حضرت مولانا حافظ عبدالقادر روپڑی انتقال فرما گئے ہیں...... إنا للہ وإنا إلیہ راجعون

ہم اس اندوہناک مصیبت پر آپ سے اور مرحوم کے سارے خاندان سے انتہائی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہیں اور مولیٰ قدیر سے دست بدعا ہیں کہ وہ مرحوم کو وسیع بخششوں سے نواز کر اپنی آغوشِ رحمت میں جگہ دے اور انہیں اپنی کشادہ جنتوں میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔

ہماری یہ بھی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو ان عظیم الشان دینی اور علمی خدمات پر جو انہوں نے زندگی بھر اہل علم کے لیے انجام دی ہیں، اس کا انہیں اجر و ثواب عطا فرمائے۔

| | |
|---|---|
| خادم حرمین شریفین فہد بن عبدالعزیز آل سعود | عبداللہ بن عبدالعزیز آل سعود |
| شاہ مملکتِ عربیہ سعودیہ | ولی عہد، نائب وزیراعظم، چیئرمین نیشنل گارڈز |

............ (۲) ............

## دنیا بھر کے سعودی مشنوں اور مذہبی اُمور کے وزیر کا برقیہ

الرقم: ١٤٥٥/١ — التاريخ: ١٤٢٠/٨/٢٠هـ

المكرّم الأخ الشيخ/ حافظ عبد الرحمن مدني — وفقه الله

نائب رئيس جمعية أهل الحديث في باكستان ومدير جامعة لاهور الإسلامية

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته، أما بعد:

فأبعث لكم تعزيتي، وصادق مواساتي في وفاة الشيخ/الحافظ عبد القادر الروبرى ــ رحمه الله ــ وأدعو الله سبحانه وتعالىٰ أن يتغمّد الفقيد بواسع رحمته، ويسكنه فسيح جناته، وأن يلهمكم وذويه الصبر والسلوان، والدعاء له.

وإنا لله وإنا إليه راجعون — والسلام عليكم ورحمة الله وبركاته ،،،

أخوكم صالح بن عبد العزيز بن محمد آل الشيخ

وزير الشؤون الإسلامية والأوقاف والدعوة والإرشاد

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



برادرِ مکرم الشیخ حافظ عبد الرحمٰن مدنی صاحب نائب امیر جمعیت اہل حدیث پاکستان

و پرنسپل جامعہ لاہور الاسلامیہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ،،

میں الشیخ رحافظ عبد القادر روپڑی کی وفات پر آپ کے لئے سچی غمگساری اور تعزیت کے جذبات پیش کرتا ہوں۔ میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ مرحوم کو اپنی آغوش رحمت میں جگہ دے اور انہیں اپنی وسیع وعریض جنتیں نصیب فرمائے۔ نیز اللہ تعالیٰ آپ کو اور مرحوم کے رشتہ داروں کو صبر اور تسلی عطا فرمائے اور ان کے لیے دعا کرنے کی توفیق دے۔..... ہم سب اللہ کے لیے ہیں اور اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کا بھائی صالح بن عبد العزیز بن محمد آل شیخ

وزیر اوقاف و اسلامی اُمور ودعوت وارشاد، سعودی عرب

............ (۳) ............

السادة لأهل الحديث عنهم عارف عبد القادر الروبرى باكستان

(فيكس ٥٨٦٨١٧٨) كلب جوك، مادل تاؤن لاهور رقم: AM/B/٢٨٧١

قد قرأنا خبر وفاة المشرف العام على الجماعة فضيلة الشيخ عبد القادر الروبرى، فعظم الله أجركم، وأحسن عزائكم. ونسأل الله أن يتغمّده بواسع رحمته ويسكنه فسيح جناته. وأن يجزل لكم الأجر والمثوبة . وإنا لله وانا إليه راجعون.

والسلام عليكم ورحمة الله وبركاته

عبد المجيد بن عبد العزيز

أمير منطقة مكة المكرمة

گورنر ہاؤس، جدہ — گورنرِ مکہ امیر عبد المجید بن عبد العزیز کا ٹیلی گرام

محترم اکابرین اہل حدیث معرفت جناب عارف عبد القادر روپڑی، کلب چوک ماڈل ٹاؤن لاہور

ہم نے جماعت اہل حدیث پاکستان کے نگران اعلیٰ فضیلۃ الشیخ حافظ عبد القادر روپڑی کی وفات کی خبر پڑھی۔ اس مصیبت پر اللہ تعالیٰ آپ کو اجرِ عظیم عطا فرمائے اور صبر جمیل کی توفیق بخشے۔ ہم اللہ تعالیٰ سے ہی سوال کرتے ہیں کہ وہ مرحوم کو اپنی وسیع رحمت سے ڈھانپ لے اور انہیں اپنی وسیع وعریض

© rasailojaraid.com



محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



جنتوں میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور آپ کو اس کے بدلے بہترین اجر و ثواب نصیب فرمائے۔ حقیقتاً ہم سب اللہ کے لیے ہیں اور اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ آپ پر اللہ کی طرف سے سلامتی، رحمت اور برکت نازل ہو۔ والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عبدالمجید بن عبدالعزیز (گورنر مکہ مکرمہ)

............ (۴) ............

## رابطہ عالم اسلامی، مکہ مکرمہ کے سیکرٹری جنرل کا فیکس

سعادة الأستاذ/حافظ عبد الرحمٰن مدنی وفّقه الله تعالىٰ

نائب رئيس المجلس الأعلى لإتحاد أهل الحديث باكستان ـ لاهور

ومدير جامعة لاهور الإسلامية

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته ، وبعد :

تلقينا خطاب سعادتكم (بالفاكس) المؤرخ فى ١٩٩٩/١٢/٧م الذى أفدتم فيه بوفاة الشيخ حافظ عبد القادر روبرى ـــ رئيس المجلس الأعلى لإتحاد أهل الحديث بباكستان يوم ٢٨/ شعبان ١٤٢٠ هـ ، فأعظم الله أجركم وأحسن عزاء كم ، ونضرع إلى المولى عزوجل أن يتغمّد الفقيد بواسع رحمته ويسكنه فسيح جناته، وأن يلهمكم ولجميع أسرته ومحبيه الصبر والسلوان ،

وإنا لله وإنا إليه راجعون ، والسلام عليكم ورحمة الله وبركاته ،،،

الأمين العام

د/عبد الله بن صالح العبيد

سعادۃ الاستاذ/جناب حافظ عبدالرحمٰن مدنی صاحب وفقہ اللہ

وائس چیئرمین اتحاد اہل حدیث سپریم کونسل پاکستان اور پرنسپل جامعہ لاہور الاسلامیہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہم نے فیکس کے ذریعے جناب کا نامہ مبارک مؤرخہ ۷/۱۲/۱۹۹۹ء کو وصول کیا۔ آپ نے اس میں اتحاد اہل حدیث، پاکستان کی سپریم کونسل کے چیئرمین فضیلۃ الشیخ حافظ عبدالقادر روپڑی کی وفات کی اطلاع دی۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اجر عظیم عطا فرمائے اور صبر و جمیل کی توفیق بخشے۔ ہم اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے سامنے بڑی عاجزی سے دعا گو ہیں کہ وہ مرحوم کو اپنی رحمت میں ڈھانپ لے اور انہیں وسیع

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



وعریض جنت میں جگہ عطا فرمائے اور اللہ تعالیٰ آپ کے خاندان اور ان سے محبت رکھنے والوں کو صبر وسکون نصیب فرمائے۔ إنا للہ وإنا إلیہ راجعون! والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عبداللہ بن صالح العُبید (سیکرٹری جنرل)

............ (۵) ............

## پاکستان میں سعودی سفیر کا مراسلہ

فضيلة الشيخ /عارف سلمان روبرى حفظه الله

رئيس الشؤون السياسية لجماعة أهل الحديث

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته ،،

بالغ الحزن والأسى تلقيت نبأ وفاة والدكم العلامة الشيخ /الحافظ عبدالقادر الروبرى المشرف العام لجماعة أهل الحديث وانى إذ أشاطركم هذا المصاب الجلل فى فقد عالم من أبرز علماء عصره بذل حياته فى نشر العقيدة الإسلامية وساهم فى نشرها وسعىٰ فى سبيلها، أسأل الله أن يتغمده برحمته ويسكنه فسيح جناته وأن يلهمكم الصبر والسلوان

إنا لله وإنا إليه راجعون ولكم تحياتى ،،

السفير أسعد الزهير

محترم جناب جناب عارف سلمان روپڑی چیئرمین شعبہ سیاسی امور جماعت اہل حدیث پاکستان

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ،،

میں نے حد درجہ رنج والم کے ساتھ آپ کے والد محترم فضیلۃ الشیخ علامہ حافظ عبدالقادر روپڑی نگرانِ اعلیٰ جماعت اہل حدیث کی وفات کی خبر سنی اور میں اس دور کے سر برآوردہ عالم دین کے دنیا سے چلے جانے پر آپ کے اندوہناک غم میں برابر کا شریک ہوں۔ اس عالم دین نے عقیدۂ اسلامیہ کی نشر واشاعت میں اپنی زندگی صرف کردی اور اس کی دعوت و تبلیغ میں پورا پورا حصہ لیا اور اس راستے میں مسلسل آگے بڑھتے چلے گئے۔ میں اللہ تعالیٰ سے سوال کرتا ہوں کہ وہ مرحوم کو اپنی رحمت سے ڈھانپ لے اور انہیں کھلے اور گھنے باغات میں جگہ عطا فرمائے۔ اور آپ کو صبر اور تسلی نصیب فرمائے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون! اور میری طرف سے آپ کو دعا وسلام۔

اسعد زہیر (سفیر سعودی عرب)

© rasailojaraid.com



محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



(۶)

## پاکستان میں سعودی عرب کے معاونِ سفیر کا مراسلہ

فضيلة الشيخ /عارف سلمان روبری حفظه الله

رئيس الشئون السياسية لجماعة أهل الحديث

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته ،،،

باسمی واسم زملائي نشاطركم الحزن فی وفاة والدكم الشيخ/الحافظ عبدالقادر الروبری المشرف العام لجماعة أهل الحديث ، نسأل اللّٰه العلیّ القدير أن يتغمده برحمته ومغفرته ويسكنه فسيح جناته إنه علی كل شيئ قدير وأن يلهمكم الصبر والسلوان وإنا لله وإنا إليه راجعون. ولكم خالص تحياتی ،،،

الوزير المفوّض

أحمد محمد العجلان

فضیلۃ الشیخ جناب عارف سلمان روپڑی چیئرمین شعبہ سیاسی امور جماعت اہل حدیث، پاکستان

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ،،

میں اور میرے تمام رفقاءِ کار، آپ کے والد محترم الشیخ حافظ عبد القادر روپڑی نگرانِ اعلیٰ جماعت اہلحدیث کی وفات پر آپ کے دکھ اور غم میں برابر کے شریک ہیں۔ ہم اللہ اعلیٰ قدرت والے سے سوال کرتے ہیں کہ وہ مرحوم کو اپنی رحمت اور مغفرت میں ڈھانپ لے اور انہیں وسیع وعریض باغات میں جگہ عطا فرمائے کیونکہ وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ نیز اللہ آپ کو صبر اور تسلی عطا فرمائے۔ حقیقتاً ہم سب اللہ کے لیے ہیں اور سب اسی طرف لوٹنے والے ہیں اور ہماری جانب سے آپ کو تہ دل سے سلام ودعا۔

احمد محمد العجلان (معاونِ سفیر)

(۷)

## نوجوانانِ اسلام کی عالمی کونسل WAMY کے سیکرٹری جنرل کا مراسلہ

الأخ الفاضل / حافظ عبد الرحمٰن مدنی حفظه الله

نائب رئيس المجلس الأعلى ومدير جامعة لاهور الإسلامية

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته وبعد :

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com


بقلوب مؤمنة بقضاء الله تعالىٰ وقدره تلقينا ببالغ الحزن والأسى نبأ وفاة فضيلة الشيخ حافظ عبد القادر روبرى ـــ رئيس المجلس الأعلى لاتحاد أهل الحديث بباكستان، رحمه الله تعالىٰ رحمة واسعة وأسكنه فردوسه الأعلى فى جنات عدن مع النبيين والصديقين والشهداء والصالحين.

ورغم فداحة الخطب وجلل المصاب ، فلا نقول إلا ما يرضى ربنا جل وعلا، فلله تعالىٰ ما أخذ وله ما أعطى وكل شئ عنده بأجل مسمى فلتصبروا ولتحتسبوا. أسأل الله تعالىٰ أن يعظم أجركم ويحسن عزاء كم ويلهمكم الصبر والسلوان، كما أسأله جل وعلا للفقيد الرحمة والمغفرة والرضوان ورفع الدرجات فى عليين. وإنا لله وإنا إليه راجعون، والسلام عليكم ورحمة الله وبركاته ،،،

د/مانع بن حماد الجهنى

الأمين العام للندوة العالمية للشباب الإسلامى وعضو مجلس الشورىٰ

فاضل بھائی حافظ عبد الرحمٰن مدنی صاحب حفظہ اللہ وائس چیئرمین سپریم کونسل اتحاد اہل حدیث پاکستان و پرنسپل جامعہ لاہور الاسلامیہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہمارے ایسے دلوں نے جو اللہ ربّ العزت کی قضاء وقدر پر ایمان رکھنے والے ہیں، بڑے رنج والم کے ساتھ اتحاد اہل حدیث کی سپریم کونسل کے چیئرمین فضیلۃ الشیخ حافظ عبدالقادر روپڑی کی وفات کی خبر سنی۔ اللہ تعالیٰ ان پر وسیع رحمت فرمائے اور انہیں جناتِ عدن میں نبیوں، صدیقوں، شہیدوں، نیک بزرگوں کے ساتھ فردوسِ اعلیٰ میں جگہ عطا فرمائے۔

ناقابل برداشت دکھ اور مصیبت کے باوجود ہم وہی کچھ کہیں گے جو ہمارے ربّ کی خوشنودی کا باعث ہو، سو اللہ کے لیے ہے جو اس نے لیا اور اسی کا ہے جو اس نے دیا تھا اور ہر چیز کا اللہ کے ہاں ایک وقت مقرر ہے۔ چنانچہ صبر کریں اور اللہ تعالیٰ سے ثواب کی امید رکھیں۔

میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ آپ کو اجر عظیم عطا فرمائے اور آپ کو صبر جمیل کی توفیق بخشے۔ اور آپ کو صبر وسکون نصیب فرمائے نیز میں مرحوم کے لیے اللہ سے دعا گو ہوں کہ وہ مرحوم کو اپنی رحمت، مغفرت، رضامندی کی آغوش میں لے اور اعلیٰ علیین میں ان کے درجات بلند فرمائے۔

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سیکرٹری جنرل ورلڈ اسمبلی آف مسلم یوتھ WAMY

ڈاکٹر مانع بن حماد جہنی (رکن مجلس شوریٰ، سعودی عرب)



© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ